5 دسمبر 2024ء

سعودی عرب نے پاکستانی معیشت کو تقویت دینے کے لیے

پاکستان میں رکھوائے گئے تین ارب ڈالر ڈپازٹ کی میعاد بڑھادی

مملکت سعودی عرب کی جانب سے سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ (ایس ایف ڈی) نے 5 دسمبر 2024ء کو میعاد پوری کرنے والے تین ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی میعاد مزید ایک سال کے لیے بڑھادی ہے۔ مذکورہ رقم اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے بینک دولت پاکستان میں رکھوائی گئی ہے۔ ڈپازٹ کی میعاد میں توسیع مملکت سعودی عرب کی طرف سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کو فراہم کردہ امداد کا تسلسل ہے جس سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے اور ملک کی معاشی ترقی ونمو میں مدد ملے گی۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ شاہی فرامین کے اجرا کے بعد، جو دونوں برادر ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کے تسلسل کی عکاسی کرتے ہیں، تین ارب ڈالر کے ڈپازٹ کے معاہدے پر ابتدائی طور پر 2021ء میں ایس ایف ڈی کے ساتھ دستخط ہوئے تھے اور پھر 2022ء اور 2023ء میں اسے رول اوور کیا گیا۔

***